© rasailojaraid.com

مگر اب کئی کتابیں وراثت کے اصول و احکام، ضروری اصطلاحوں اور مقدار حصص کو واضح کرنے کے لیے موجود ہیں۔ ایسی ہی ایک آسان اور مختصر کتاب کا اضافہ بدنی صاحب نے کیا ہے۔ اس میں متعدد عملی نقشہ ہائے تقسیمِ حصص بنا کے دکھائے گئے ہیں۔

یوں تو اب حکومتی اور عدالتی سطح پر بھی اس قانون کی ضرورت ہے، مگر عام آدمی اور شہری کو معلوم ہونا چاہیے کہ اسے کسی سے کیا لینا ہے یا کسی کو کیا دینا ہے۔

---

**اقبالیات** | مدیر: مرزا محمد منور۔ بہ اہتمام: اقبال اکیڈمی پاکستان۔ ۱۳۹ ار اے، نیو مسلم ٹاؤن لاہور۔ سفید کاغذ، خوش نما ٹائٹل۔ قیمت فی شمارہ ۲۰/- روپے۔ سالانہ ۶۰/- روپے

اقبال کی شخصیت، فکر اور سوانح کے متعلق پاکستان بھر میں یہ سہ ماہی رسالہ بہت مؤقر ہے، جس کے اردو اور انگریزی ایڈیشن باری باری شائع ہوتے ہیں۔ اس کو رتبہ بلند دینے میں بہت بڑا حصہ پروفیسر مرزا محمد منور کا ہے، جو بیک وقت قرآن و حدیث، تحریکِ پاکستان اور اقبالؒ کے متعلق جامع شعور رکھتے ہیں۔ جولائی ستمبر ۱۹۸۸ء کا یہ شمارہ علامہ مرحوم کی پچاسویں برسی کے موقع پر تیسری خصوصی اشاعت کی صورت میں شائع ہوا ہے۔ نہایت متنوع اور اچھے اچھے مقالات کا گلدستہ سجا کر پیش کیا گیا ہے۔

---

**آل الشیرازی فی القرن العشرین** | از جناب دکتور علی الموسوی۔

ناشر: اللجنة المشرفة علی الاحتفالات السنوية - طهران - ص ۱۳۱۸۵/۳۶۱

یہ آلِ شیرازی کے سلسلہ کا بیان شیعی نقطۂ نظر سے ہے کہ اس کے بزرگوں نے بیسویں صدی میں کیا کیا حصہ ادا کیا۔ پمفلٹ عربی ٹائپ میں ہے۔ قیمت درج نہیں۔

---

© rasailojaraid.com